
# ہر 10 میں سے 3 پاکستانیوں نے گزشتہ کل پرفیوم یا اس طرح کی دیگر مصنوعات استعمال کرنے کا دعویٰ کیا۔

وہ افراد جوعطر یا پرفیوم کا استعمال کرتے ہیں ، اُن میں ہر 5 میں سے 2 افراد کے مطابق اُنہوں نے آخری بار عطر/پرفیوم گزشتہ مہینے خریداہے۔




ہاں

نہیں

معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا :2%



برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ نے گزشتہ کل عطر ، سینٹ / پرفیوم وغیرہ کااستعمال کیا تھا ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## معاشرتی

## معاشرتی رویے

معاشرتی رویے دیگر

## ہر 10 میں سے 3 پاکستانیوں نے گزشتہ کل پرفیوم یا اس طرح کی دیگر مصنوعات استعمال کرنے کا دعویٰ کیا۔ وہ افراد جو عطر یا پرفیوم کا استعمال کرتے ہیں، اُن میں ہر 5 میں سے 2 افراد کے مطابق اُنھوں نے آخری بار عطر/پرفیوم گزشتہ مہینے خریدا ہے۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

اسلام آباد) ،21 فروری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 10 میں سے 3 پاکستانیوں نے گزشتہ کل پرفیوم یا اس طرح کی دیگر مصنوعات استعمال کرنے کا دعویٰ کیا۔ وہ افراد جو عطر یا پرفیوم کا استعمال کرتے ہیں، اُن میں ہر 5 میں سے 2 افراد کے مطابق اُنھوں نے آخری بار عطر/پرفیوم گزشتہ مہینے خریدا ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ نے گزشتہ کل عطر، سینٹ/پرفیوم وغیرہ کا استعمال کیا تھا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 29% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اُنھوں نے گزشتہ کل عطر، سینٹ/پرفیوم وغیرہ کا استعمال کیا تھا، جبکہ 69% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" اُنھوں نے گزشتہ کل عطر، سینٹ/پرفیوم وغیرہ کا استعمال نہیں کیا، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ نے گزشتہ کل عطر، سینٹ/پرفیوم وغیرہ کا استعمال کیا تھا؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب وہ خواتین و حضرات جنہوں نے گزشتہ کل عطر/پرفیوم یا اس طرح کی دیگر مصنوعات استعمال کرنے کا بتایا اُن سے مزید یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ نے آخری بار پرفیوم، عطر، ڈیوڈرنٹ وغیرہ کب خریدا تھا؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 39% جوابدہندگان کے مطابق آخری بار اُنہیں پرفیوم، عطر یا ڈیوڈرنٹ وغیرہ خریدے ہوئے ”مہینے سے کم کا عرصہ“ ہوا ہے، 25% جوابدہندگان کے مطابق ”چھ ماہ تک کا عرصہ“ ہوا ہے، 6% جوابدہندگان کے مطابق ”ایک سال تک کا عرصہ“ ہوا ہے، جبکہ 19% جوابدہندگان کے مطابق آخری بار اُنہیں پرفیوم، عطر یا ڈیوڈرنٹ وغیرہ خریدے ہوئے ”سال سے زائد کا عرصہ“ ہو چکا ہے، 10% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**”برائے مہربانی بتائیں کہ آپ نے آخری بار پرفیوم، عطر، ڈیوڈرنٹ وغیرہ کب خریدا تھا؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 788 خواتین اور مرد حضرات سے 7 تا 12 جنوری 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 21st February 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan
(1980-2025)